10536 ـ ایك كفریہ دین كو چھوڑ كر كسی دوسرے كفریہ دین میں جانے والے شخص كا ذبح كیا ہوا گوشت كھانا

سوال

اگر كوئی نصرانی شخص كیمونسٹ ملحد یا بدھ مت مذھب اختیار كر لے تو كیا اس كا ذبح كیا ہوا جانور كھانا جائز ہے، اور اگر یہودی نصرانی بن جائے تو كیا ہم اس كا ذبیحہ كھا سكتے ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

فقہاء كرام كا اتفاق ہے كہ اہل كتاب میں سے جو كوئی شخص بھی اہل كتاب كا دین ترك كر كے كوئی اور دین اختیار كرتا ہے تو اس كا ذبیحہ نہیں كھایا جائےگا، لیكن اگر وہ اپنا دین ترك كر كے اہل كتاب كا دین اختیار كر لے مثلا یہودی عیسائیت اختیار كر لے یا پھر عیسائی یہودیت اختیار كر لے تو جمہور علماء كرام جن میں احناف، مالكی اورایك قول كے مطابق شافعی اور بالجملہ حنابلہ شامل ہیں كے مطابق اس كا ذبیحہ حلال ہے .